الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> mehroz ali
Address :> Lahore Pakistan
Subject :> AQAID
Writer :> طاہر مسعود

Serial No :> **8960**
Fatwa No :>
Date :> **6/30/2010**
Email :>

asalam o alaikum
ager aik shaks yeh aqeeda rakhe k [Allah ki ata se Allah k naik bande garib nawaz, ghose, ganj bakhs,bandon ko nawazte hain]to kia aisa aqeeda rakhne walon per kufer ka fatwa aye ga

السلام علیکم
اگر کوئی شخص یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ کی عطا سے اللہ کے نیک بندے غریب نواز، غوث، گنج بخش بندوں کو نوازتے ہیں۔ تو کیا ایسا عقیدہ رکھنے والوں پر کفر کا فتویٰ آئے گا۔

الجواب ____ حامداً ومصلیاً

سوال میں مذکور عقیدے کی وضاحت نہیں کی گئی کہ اس عطا سے کیا مراد ہے مثلاً ایک شخص کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بہت سارے انعامات سے نوازا، اس طور پر کہ اُسے رہنے کے لیے مکان دیا، سواری دی، کھانے، پینے، اوڑھنے بچھونے اور آسائش دنیا سے وافر مقدار میں عطا فرما کر اُسے مالا مال کر دیا اور پھر اس سے کوئی دوسرا ان نعمتوں میں سے کسی کے بارے میں سوال کرتا ہے اور وہ اس میں سے مانگنے والے کو دیدیتا ہے۔ یہ بلاشبہ ایک حقیقت ہے اور آئے دن کے مشاہدے میں ہے۔ اس کا عقیدے سے کوئی تعلق نہیں اور اگر اس عطا سے مراد کچھ اور ہو تو اس کی مکمل وضاحت کرکے اس سوال کو دوبارہ ای میل کر دیا جائے۔ ان شاء اللہ اس پر بھی غور کیا جائے گا۔ واللہ ھو الموفق

محمد طاہر مسعود عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۲/۱۲/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
عبداللہ مسعود
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۳ ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ

دار الافتاء
۸۹۶۰
۲۲/۱۲/۳۱

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ